Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ جمادی الاول ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۲ مارچ ۱۹۱۷ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت سلطان حسن مینائی	۱
۲	تبدیلی عبدالوہاب خاں	۲
۳	نمونہ پاس محصول چونگی	،،
۴	انتظام محرران مال تحصیلات	،،
۵	رخصت سعید الدین خاں ناظر	،،
۶	رخصت احمد علی شوق قدوائی	،،
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۴ - فروری سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت پندرہ یوم از تاریخ استفادہ سلطان حسن مینائی اہلمد اجلاس ہمایوں بذمہ داری منشی محفوظ علیخاں اہلمد اجلاس منظور فرمائی گئی -

---

تبدیلی

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر عبدالوہاب خاں تحویلدار میوی خانہ کا تعلق ہتھوانا تبن ٹوکیواسطے منصری مودیخانہ پر بجائے سید فدا حسین متبدلہ پر منصری گاؤ بیش خانہ منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

رپورٹ منظور ہے ایک ایک نقل اس نمونہ کی افسران صیغہ کے پاس بھیجی جائے

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض اقدس — بحضور ساطع

ٹھیکہ دار چنگی کے زمانہ میں جو پاس مال چھوڑنے کیلیے دیتے تھے اور اب تک دیے جاتے ہیں وہ مختلف قسم کے ہوتے ہیں بنظر سہولت ایک نمونہ پاس کا تجویز کر دیا گیا ہے اسی قسم کے پاس ہر کارخانہ میں طبع ہونا چاہییں۔ لہذا معروضہ ہے کہ معہ نمونہ پاس اجلاس ہمایوں میں پیش کیجاتی ہے اور گذارش ہے کہ ہر کارخانہ و صیغہ میں بموجب نمونہ منسلکہ ہذا پاس طبع کیے جائینگے حکم عالی صادر فرمایا جاوے۔

عرضی دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

پاس کارخانہ	ریاست رامپور واسطے چھوڑنے مال
بلاد خام محصول چنگی حسب دفعہ ضمن ۱۰ عشاء جو کی	
نمبر شمار	
نام سوداگر مع مقام	
نمبر بلٹی مع تاریخ بلٹی	
تعداد بکس یا جو شے ہو	
وزن مال	
نام مال چھوڑنے والیکا	
تاریخ اجرائے پاس	
دستخط افسر صیغہ	

پاس کارخانہ	ریاست رامپور واسطے چھوڑنے مال
بلاد خام محصول چنگی حسب دفعہ ضمن ۱۰ عشاء جو کی	
نمبر شمار	
نام سوداگر مع مقام	
نمبر بلٹی مع تاریخ بلٹی	
تعداد بکس یا جو شے ہو	
وزن مال	
نام مال چھوڑنے والیکا	
تاریخ اجرائے پاس	
دستخط افسر صیغہ	

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

مقدمہ انتظام محرری مال تحصیل شاہ آباد۔

بملاحظہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و نوٹ حاکم صاحب صدر و مثل متعلقہ حکم ہوا کہ سردار خاں محرر مال تحصیل شاہ آباد اپنی موجودہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ تحصیل ٹانڈہ تبدیل کیا جاوے چھ ماہ کے بعد تحصیلدار ٹانڈہ رپورٹ بھیجیں کہ سردار خاں نے کس طرح کام انجام دیا۔ اگر کام اچھا کیا تو وہاں رکھا جائیگا۔ ورنہ حکم مناسب دیا جائیگا۔ شیو نرائن محرر مال ٹانڈہ جو صدر سے تحصیل ٹانڈہ کو تبدیل کیا گیا تھا اپنی موجودہ تنخواہ پر حسب خواہش انکی واپس صدر کیا جاوے۔ فیاض علیخاں المد محافظ خانہ صدر اپنی موجودہ تنخواہ پر محرری مال تحصیل شاہ آباد پر تبدیل ہو۔ فیاض علیخاں کو ۱۵ ماہوار تنخواہ ملتی ہے اس تنخواہ کی نظیر دوسرے محرران مال تحصیلات کو نہ ہوگی۔ عبدالحفیظ جو المدی کا کام کر رہا ہے بہ تنخواہ موجودہ ۱۲ ماہوار چھ ماہ کے واسطے المد کلیات مقرر کیا جاوے الاؤنس وغیرہ اب نہ ملیگا۔ بجائے عبدالحفیظ معاونت پر حسب سفارش حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر اشفاق النبی جسکو صدر کا امیدوار لکھا گیا ہے بمشاہرہ سات روپیہ ماہوار عوض احمد علی نابالغ امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا جاوے۔ احمد علی کو تین روپیہ ماہوار بدستور ملتے رہینگے۔ چھ ماہ کے بعد سررشتہ دار صاحب صدر رپورٹ بھیجیں کہ اشفاق النبی نے کیسا کام انجام دیا۔ اگر کام اچھا کیا تو رکھا جائیگا ورنہ علیحدہ کر دیا جائیگا۔ احکام فیصلہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

سعید الدین خاں ناظر عدالت ججی کی مزید رخصت چار ماہ با انتظام سابقہ منظور ہے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

پندرہ روز کی رعایتی رخصت منشی احمد علی شوق قدوائی من ابتدائے ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء لغایت ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء حسب رپورٹ صاحب مہتمم کتب خانہ مصدقہ صاحب سپرنٹنڈنٹ خاص منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ مارچ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ مار			۷ مار	۷ مار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۹ مار			۱۰ مار	۱۰ مار		
نخود کرآمیز	۱۰ مار			۴ مار	۱۱ مار		
کر	۱۱ مار			۱۰ مار	۱۱ مار		
ماش	۷ مار			۸ مار	۷ مار		
مونگ	۵ مار			۰	۷ مار		
مکا	۱۲ مار			۱۲ مار	۱۳ مار		
جئی	۱۲ مار			۱۲ مار	۱۲ مار		
گوجئی	۰			۱۰ مار	۱۱ مار		
عدس	۶ مار			۰	۵ مار		
ارہر	۱۰ مار			۰	۹ مار		
برنج	۷ مار			۸ مار	۸ مار		
روغن زرد	۱۰/			۱۰ ر مار	۱۰ رر مار		
روغن سیاہ	۲ مار			۲ مار	۲ مار		
روغن کنجد	۲ ر مار			۱ مار	۱ مار		
نمک سامبھر	۱۰ مار			۱۱ مار	۱۱ مار		
نمک لاہوری	۶ مار			۸ مار	۹ مار		
قند سیاہ	۵ مار			۵ مار	۶ مار		
باجرہ	۹ مار			۱۲ مار	۱۰ مار		